ماڈل پیپر "فلسفہ"

برائے انٹرمیڈیٹ پارٹ۔II امتحان 2008 و مابعد

حصہ انشائی

وقت: 2:30 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　کل نمبر: 80

نوٹ: حصہ اول میں سے کوئی سے پچیس (25) اور حصہ دوم میں سے کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

حصہ اول

سوال نمبر 2- درج ذیل میں سے کوئی سے پچیس (25) سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔　　　25x2=50

(i) منطق کی تعریف کریں۔

(ii) کس نے منطق کو مابعد الطبیعیات کی کلید قرار دیا؟

(iii) صرف ونحو کا موضوع کیا ہے؟

(iv) موضوع اور محمول سے کیا مراد ہے؟

(v) ریاضی کے اصول و قضیے کا تعلق سچائی کی کون سی قسم سے ہے؟

(vi) فکر کی صحت سے کیا مراد ہے؟

(vii) جسمانی زبان سے کیا مراد لی جاتی ہے؟

(viii) زبان کے اطلاعاتی استعمال کی اہمیت کو ایک مثال کی مدد سے واضح کریں۔

(ix) علامہ اقبال کی تصنیف کا نام بتائیں جس میں اُس کی نظم "محاورہ مابین خدا و انسان" شامل ہے۔

(x) زبان کس قسم کا آلہ ہے؟

(xi) ادراک کسے کہتے ہیں؟

(xii) مغالطۂ دلیلِ شخصیت کی تعریف کریں۔

(xiii) "مغالطۂ الفاظ ذو معنی" اور "مغالطۂ ابہام" میں فرق بتائیں۔

(xiv) "نسبتِ حکمیہ" سے کیا مراد لی جاتی ہے؟

(xv) "چلو دوڑو" ایک جملہ ہے، قضیہ نہیں۔ کیوں؟ وجہ بتائیں۔

(xvi) "سادہ قضیہ" اور "مرکب قضیہ" میں کیا فرق ہے؟

(xvii) کیفیت کے لحاظ سے قضیوں کی دو اقسام کون سی ہیں؟

(xviii) کن قضایا کے موضوع جامع اور کن قضایا کے محمول غیر جامع ہوتے ہیں؟

(xix) فکر کے بنیادی اصول تین ہیں۔ اُن کے نام لکھیں۔

(xx) "مقولی قیاس" سے کیا مراد ہے؟

(xxi) "استخراج بلاواسطہ" اور "استخراج بالواسطہ" میں کیا فرق ہے؟

(xxii) اشتراکی قضیہ کسے کہتے ہیں؟

(xxiii) "V" کس کی علامت ہے؟

(xxiv) "عوامل" کیا ہیں؟

(xxv) منطق اور ریاضی، دونوں میں استعمال ہونے والی تمام قوسین کی شکلیں کھینچیں۔

(xxvi) متعادل قضیہ میں کون سی علامت استعمال کی جاتی ہے؟

(xxvii) ''ایک جزئیہ مقدمۂ صغریٰ اور ایک سالبہ مقدمۂ کبریٰ سے کوئی نتیجہ حاصل نہیں ہوسکتا۔'' نشاندہی کریں کہ آیا یہ قاعدہ سچ ہے یا جھوٹ۔

(xxviii) ''یولر'' اور ''وین'' کی ڈائیگرام کی تکنیک میں بنیادی فرق کیا ہے؟

(xxix) ''مجمل تعارفِ منطق'' کس نے رقم کی؟

(xxx) کس کے خیال میں دو چیزیں ایک یا ایک سے زیادہ باتوں میں مشابہ ہوتی ہیں۔

(xxxi) کن قوانین کا سہارا لے کر ''تعمیم'' کی جاتی ہے؟

(xxxii) منطقِ استقرائیہ میں ''گنتی'' سے کیا مراد لی جاتی ہے؟

(xxxiii) جدید دور کے کس سائنسدان نے سیارہ مشتری کا نظارہ کرنے کے لیے اپنی دوربین پیش کی تھی؟

(xxxiv) اِروِنگ کوپی نے تمثیل کی تعریف میں کیا لکھا ہے؟

(xxxv) ''تعمیم کے تصور میں ''تعمیم'' سے کیا مراد لی جاتی ہے؟

(xxxvi) سائنسی توجیہ اور غیر سائنسی توجیہ میں کیا فرق ہے؟

(xxxvii) مفروضہ سے کیا مراد ہے؟

حصہ دوم

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 30=10x3

سوال نمبر 3۔ منطق کا دائرہ کار بیان کیجئے۔ 10

سوال نمبر 4۔ مغالطے کا مفہوم مختلف مثالوں کی مدد سے بیان کیجئے۔ 10

سوال نمبر 5۔ سچائی کے گوشوارے کیا ہیں؟ ان کو علامات کی مدد سے کیسے ظاہر کیا جا سکتا ہے؟ 10

سوال نمبر 6۔ تعمیم کی اہمیت پر تفصیلی نوٹ لکھئے۔ 10

سوال نمبر 7۔ ایک اچھے مفروضے کی خصوصیات بیان کیجئے۔ 10

ماڈل پیپر "فلسفہ"

برائے انٹرمیڈیٹ پارٹ-II امتحان 2008 و مابعد

حصہ معروضی

رولنمبر: ہندسوں میں ----------	وقت: 30 منٹ
الفاظ میں -----------	کل نمبر: 20

نوٹ: اپنا رولنمبر صرف مختص جگہ پر تحریر کریں۔
تمام سوالات کے جوابات اسی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کریں۔
کاٹ کر، کسی بھی طریقے سے مٹا کر یا لیڈ پنسل سے لکھے ہوئے جوابات غلط تصور ہوں گے۔

سوال نمبر 1- ہر سوال کے دیئے ہوئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب پر ( ) کا نشان لگائیں۔ 20

(i) "نطق" کے لفظی معنی ہیں۔
(الف) فکر (ب) فائدہ (ج) فیصلہ (د) فرضیہ

(ii) "آرگنون" کس کی تصنیف ہے؟
(الف) سقراط (ب) افلاطون (ج) ارسطو (د) بیکن

(iii) جب استخراج کو الفاظ میں ادا کیا جاتا ہے تو اسے کہتے ہیں۔
(الف) حد (ب) حکم (ج) دلیل (د) قضیہ

(iv) زبان کی بنیادی اکائی ہے۔
(الف) لکیر (ب) لفظ (ج) دائرہ (د) آواز

(v) مروجہ نشانات (Conventional Signs) جگہ لیتے ہیں۔
(الف) علم کی (ب) قدرتی نشانات کی (ج) دیکھنے کی (د) ثقافت کی

(vi) زبان کے ہدایاتی استعمال میں دی جاتی ہیں۔
(الف) دعائیں (ب) ہدایات (ج) اصطلاحات (د) تراکیب

(vii) یہ قول کس کا ہے" کسی بدمعاش کے لئے حب الوطنی آخری پناہ گاہ ہے"؟
(الف) ہٹلر (ب) سیموئیل جانسن (ج) نکولو میکاولی (د) اروِنگ کوپی

(viii) عدالت میں وکلاء عموماً سہارا لیتے ہیں۔
(الف) مغالطہ اپیل برائے طاقت (ب) مغالطہ الفاظ ذو معنی (ج) مغالطہ سوالات مرکب (د) مغالطہ تاکید

(ix) ہنسی مذاق اور طنز و مزاح میں پایا جاتا ہے۔
(الف) مغالطہ ابہام (ب) مغالطہ اپیل برائے رحم (ج) مغالطہ اپیل برائے ہیجان (د) مغالطہ اپیل برائے طاقت

(x) ارسطوئی منطق میں منطق کی بنیادی اکائی ہے۔
(الف) حد (ب) قضیہ (ج) حکم (د) استدلال

(xi) "کچھ آم میٹھے ہیں" یہ قضیہ ہے۔
(الف) کلیہ موجبہ (ب) کلیہ سالبہ (ج) جزئیہ موجبہ (د) جزئیہ سالبہ

(xii) مربع اختلافات قضایا کی رو سے "ی (I)" اور "و (O)" میں کون سا تعلق پایا جاتا ہے؟
(الف) تحکیم (ب) تناقض (ج) تضاد (د) تضاد تحتانی

(xiii) اگر مقدمہ کبریٰ اور مقدمہ صغریٰ دونوں میں حدِ اوسط محمول کی حیثیت سے آئے تو یہ قیاس کی کون سی شکل ہوگی؟

(الف) پہلی شکل (ب) دوسری شکل (ج) تیسری شکل (د) چوتھی شکل

(xiv) قیاس کی کل ممکنہ ضروب ہیں۔

(الف) 32 (ب) 64 (ج) 128 (د) 256

(xv) قیاس میں کون سا مغالطہ پایا جائے گا اگر اس کے دونوں مقدمات سالبہ ہوں؟

(الف) مغالطہ غیر جامع حدِ اوسط (ب) مغالطہ عمل ناجائز حد اکبر (ج) مغالطہ عمل ناجائز حد اصغر (د) مغالطہ مقدمات سالبہ

(xvi) منطق استقرائیہ میں بنیادی طور پر مدنظر رکھا جاتا ہے۔

(الف) متعارفات کو (ب) کلیات کو (ج) جزئیات کو (د) ابلاغیات کو

(xvii) کس کا خیال ہے کہ "منطق استقرائیہ کی تکمیل تعمیم ہی سے ہوتی ہے"۔

(الف) بیکن (ب) جے۔ ایس۔ مل (ج) برٹرینڈ رسل (د) اِرونگ کوپی

(xviii) عمومی طور پر تعمیم کی بڑی اقسام ہیں۔

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

(xix) ان میں سے اِرونگ کوپی کی تصنیف ہے۔

(الف) اصول ریاضیات (ب) دی پرنس (ج) فلسفیانہ تحقیقات (د) تعارفِ منطق

(xx) فرض کردہ سائنسی توجیہہ کو کہا جاتا ہے۔

(الف) مفروضہ (ب) قضیہ (ج) تمثیل (د) حکم